**D**

SL. No : W

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 57 ]
Total No. of Questions :57 ]

**CCE PR**
**Revised & Un-Revised**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages :8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ :85-U** **Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ
# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**
**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**
**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 27. 06. 2018 ] [ Date : 27. 06. 2018
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
سوالنامہ کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

Tear here



PR(D)-60035

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. انگریزی گورنر جنرل جس نے عہد معاونت جاری کیا

(A) وارن ہسٹنگز (Warren Hastings)

(B) لارڈ ویلزلی

(C) لارڈ ڈلہوزی

(D) لارڈ کارنوالس

2. 2001 میں حکومت ہند نے 6 سے 14 سال کی عمر کے تمام بچوں کے لئے مفت تعلیمی نظام کا پروگرام جاری کیا

(A) قومی تعلیمی مشن

(B) ساکھشرا بھارت

(C) سرواشکشنا ابھیان

(D) قومی تعلیم بالغاں

3. گروپ - **A** کی فہرست میں لیڈروں کے نام اور گروپ - **B** میں انکے ممالک دئے گئے ہیں۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں :

| گروپ - **A** | گروپ - **B** |
|---|---|
| a) لینن | i) چین |
| b) ہٹلر | ii) روس |
| c) مسولینی | iii) جرمنی |
| d) ماؤتسے تنگ | iv) اٹلی |

| | ***a*** | ***b*** | ***c*** | ***d*** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ii | iii | iv | i |
| (B) | i | ii | iii | iv |
| (C) | iv | i | ii | iii |
| (D) | iii | iv | i | ii |

4. اقوام متحدہ کا صدر دفتر واقع ہے

(A) نیویارک (B) پیرس

(C) روم (D) جنیوا

5. دستور ہند کی اس دفعہ کے تحت بچہ مزدوری پر پابندی لگائی


(A) 21 ویں دفعہ

(B) 17 ویں دفعہ

(C) 52 ویں دفعہ

(D) 24 ویں دفعہ

6. نقشہ میں نشان زد جنگلات کے اقسام کی صحیح جوڑ ملائیں:




(A) 1 - مانگرو کے جنگلات، 2 - صحرائی جنگلات، 3 - سدابہار جنگلات

(B) 1 - سدابہار جنگلات، 2 - مانگرو کے جنگلات، 3 - صحرائی جنگلات

(C) 1 - مانگرو کے جنگلات، 2 - ہمالیائی آلپائن جنگلات، 3 - سدابہار جنگلات

(D) 1 - صحرائی جنگلات، 2 - سدابہار جنگلات، 3 - مانگرو کے جنگلات

7. ہندوستان نے خود اپنے سٹلائٹ داغے ہیں جوان کا اپنامقامی GPS ہو۔ وہ ہیں

(A) 3 (B) 5

(C) 6 (D) 7

8. درج ذیل میں سے بالواسطہ ٹیکس (Indirect Tax) ہے۔

(A) آمدنی ٹیکس

(B) درآمدات اور برآمدات ٹیکس

(C) جائیداد ٹیکس

(D) کمپنی ٹیکس

9. بینکوں کی بینک ہوتی ہے

(A) وجیا بینک

(B) کنیرا بینک

(C) ریزرو بینک آف انڈیا

(D) کوآرپریشن بینک

10. ورگیز کورئین کے اس کارنامے کی وجہ سے انہیں ''سفید انقلاب کے باوآدم'' کا نام ملا ہے

(A) اپولو ہسپتال قائم کیا (B) جیٹ طیارہ قائم کیا

(C) ریلینز کمپنی قائم کیا (D) امول دودھ ڈائری قائم کیا

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں دیجئے : 14 × 1 = 14

11. عام لوگوں کی تاریخ لکھنا مورخین کے لئے ایک چیلنج ہے۔ کیوں ؟

12. ہٹلر کو آمر حکمران بننے کے لئے جرمن صنعت کاروں نے کیسے مدد کی ؟

13. جاپان نے وہ کونسی غلطی کی تھی جس کے اثرات کا سامنا آج بھی ہیروشما و ناگاسکی کے لوگوں کو جھیلنا پڑ رہا ہے ؟

14. پاکستان ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات میں ناکامیاب رہا۔ کیوں ؟

15. بچوں کی فلاح و بہبودی کے لئے یونیسف (UNICEF) کس طرح جدوجہد کر رہی ہے ؟

16. مساوی تنخواہ کا قانون کب روبہ عمل میں لایا گیا ؟

17. لڑکی کے جنین کی ہلاکت کا اثر کیا ہوتا ہے ؟

18. مانگرو کے جنگلات کو گنگا کے طاس میں سندر بن کیوں کہا جاتا ہے ؟

19. بنگلور کو ہندوستان کا سلیکون سٹی کیوں کہا جاتا ہے ؟

20. جغرافیائی انفارمیشن سسٹم (GIS) کا استعمال دنیا میں سب سے پہلے کہاں شروع ہوا ؟

21. ممبئی کو ہندوستان کا مینچسٹر کیوں کہا جاتا ہے ؟

22. سرایم وشویشوریا کو ہندوستان کے منصوبہ بندی معیشت کا باوآدم کیوں کہا جاتا ہے ؟

23. بجٹ کسے کہتے ہیں ؟

24. فرانسیسی زبان میں بینک (Banque) کا مطلب کیا ہے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. 18 ویں صدی کے نصف اول میں مغلیہ سلطنت کا زوال شروع ہوا۔ وضاحت کیجئے۔

26. مدراس کے معاہدۂ امن میں انگریز بھروسہ کے قابل نہیں رہے۔ کیوں ؟

27. ہندوستان کی تاریخ میں انیسویں صدی کو ہندوستان کے نشاۃ ثانیہ کا دور کہا جاتا ہے۔ کیوں ؟

28. جونا گڑھ ہند یونین میں کیسے شامل ہوا ؟

**یا**

پرتگالیوں سے گوا کو کس طرح آزادی ملی ؟

29. ہندوستان میں علاقائیت کی ترقی کے نئے کونسے جذبے اُبھارے گئے ؟

30. دنیا میں ہندوستان کو ایک مضبوط ملک کا مقام حاصل ہے۔ کیوں ؟

31. آج کل ہندوستان میں چھوت چھات کا رواج کم ہے۔ وضاحت کیجئے ؟

32. مغربی ساحلی میدان اور مشرقی ساحلی میدان میں فرق کیا ہے ؟

33. ہندوستان کی آب وہوا میں اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں ؟

34. مٹی کے کھرچنے کی وجوہات کی فہرست بنائیے۔

35. ہندوستان کی زراعت دوسرے اور تیسرے درجہ کے پیشوں کے لئے پرداخت (Nurturing) ہے۔ وضاحت کیجئے۔

36. زمینی تودوں (Land Slide) کے کھسکنے کے اثرات کیا ہیں ؟

37. آبادی کے تیز رفتار نمو نے کئی ایک گمبھیر مسائل کھڑے کردیئے ہیں۔ وضاحت کیجئے ؟

38. صرف قومی آمدنی اور فی کس آمدنی ملک کی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ نہیں ہیں۔ کیوں ؟

39. آفاقیت نے اقتصادی ترقی کو بڑھاوا دیا ہے۔ کیسے ؟

40. بحری سفر کے لئے کونسی نئی سائنسی ترقیات تھیں جو ملاحوں کے لئے کافی کارآمد ثابت ہوئیں؟

41. حیدرآباد کرناٹک کے علاقوں کے نام لکھئے۔

42. فرقہ پرستی کے اَثرات لکھئے۔

43. اقوام متحدہ کے خاص ادارے کونسے ہیں ؟

44. بچہ مزدوری مسئلہ کے اسباب کیا ہیں ؟

45. ہندوستان میں پائی جانے والی مٹی کی مختلف اقسام کونسے ہیں ؟

46. ہندوستان میں اُگائے جانے والے پھولوں کے نام لکھئے۔

47. آبپاشی کی قسمیں کونسی ہیں ؟

48. غیر ترقی یافتہ (پسماندہ) ممالک کے خصوصیات کیا ہیں ؟

49. بینک کے کھاتوں کی قسمیں کونسی ہیں ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں لکھئے : 6 × 3 = 18

50. 1857 کی بغاوت کی ناکامی کے وجوہات لکھئے۔

**یا**

صحافت/اخبارات (Journalism) اور تعلیم کے شعبوں کی ترقی نے ہندوستان کی جدوجہد آزادی کو مشعل راہ دکھائی۔ سمجھائیے۔

51. چین اور ہندوستان کے درمیانی تعلقات سے متوقع نتائج ناکام ہوئے۔ وضاحت کیجئے۔

**یا**

دہشت گردی ایک غیر قانونی اور سماجی بُرائی ایکٹ ہے۔ وضاحت کیجئے۔

52. بے روزگاری ایک اہم سماجی مسئلہ ہے۔ سمجھایئے ؟

**یا**

خواتین کی خودامدادی تنظیموں کا اہم رول لکھئے۔

53. توانائی کے ذرائع کی کمی کو دور کرنے کے لئے ضروری اقدامات کونسے ہیں ؟

**یا**

سڑکوں کے ذریعہ نقل وحمل کے مسائل کونسے ہیں ؟

54. پنچ سالہ منصوبوں کا اہم رول ہندوستان کی معاشی ترقی ہے۔ کیسے ؟

**یا**

دیہی ترقی میں پنچایت راج اداروں کا اہم کردار ہے۔ کیسے ؟

55. بیمہ اداروں سے ہونے والے فوائد (سہولیات) کی فہرست بنایئے ؟

**یا**

صنعت کاروں کے علامات کی فہرست بنایئے ؟

V. درج ذیل سوال کا جواب **آٹھ** جملوں میں لکھئے : 4

56. آزاد ہندوستان کی ترقی کے لئے جواہر لال نہرو کی خدمات بیان کیجئے۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : $1 + 3 = 4$

a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) ناگرجنا ساگر پروجیکٹ

c) کوچی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہندوستان کے لوگوں کے لئے ہمالیہ کے استعمالات کیا ہیں ؟ 4